© rasailojaraid.com

نقش آغاز بسم اللہ الرحمن الرحیم راشد الحق سمیع حقانی

مغرب میں اسلام کی بڑھتی وابھرتی طاقت اور امریکیوں کی توہین رسالتؐ کے بعد توہین قرآن

امریکی ملعون پادری ٹیری جونز اور اس کے تیس گمراہ ساتھیوں نے اسلام اور قرآن حکیم کے خلاف اپنی دیرینہ عداوت کا ایک بار پھر بڑا شرمناک مظاہرہ کیا ہے۔ان شیاطین نے انسانیت کو رشد و ہدایت سے روشناس کرنے والی رہنما کتاب کو ایک ڈرامے کے نتیجے میں چرچ میں جلا دیا۔اس سے قبل بھی اس مخبوط الحواس شخص نے قرآن جلانے کا اعلان کیا تھا لیکن اسے کچھ وقت کے لئے منع کر دیا گیا تھا اور ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت دوبارہ اسے یہ موقع فراہم کیا گیا۔اس خبیث عمل کے خلاف پورا عالم اسلام سراپا احتجاج بنا ہوا ہے۔لیکن نام نہاد انسانی حقوق' مکالمہ بین المذاہب' مذہبی ہم آہنگی' روشن خیالی اور رواداری کا دعویدار امریکہ اس مجرم انسانیت کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی کرنے سے انکاری ہے۔

دراصل مغرب اور عیسائیت کا بار بار توہین رسالت کرنا اور مسلمانوں کے مذہبی جذبات کیساتھ کھیلنا ان کی آزادی وخود مختاری کچلنا اور امن کے نام پر مسلمانوں کے خون کے چھینٹے اڑانا 'نیو ورلڈ آرڈر' کا بنیادی حصہ ہے۔یہ لوگ وقتاً فوقتاً مسلمانوں کی غیرت وحمیت کے ٹیسٹ لیتے رہتے ہیں اور اپنے چھپے خبث باطن کا اظہار اس قسم کے اوچھے ہتھکنڈوں سے کرتے رہتے ہیں۔ ؎ نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

لیکن الحمدللہ آج چودہ سو سال بعد بھی اسلام صفحہ دہر پہ نہ صرف قائم و دائم ہے بلکہ روز بروز اس کی حقانیت اور اس کی عالمگیر حیثیت بڑھتی چلی جارہی ہے گو کہ مسلمان عمل کے لحاظ سے کمزور ہوتا چلا جارہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ نااہل حکمرانوں کی پالیسیوں کے باعث مسلم ممالک کی اقتصادی اور سیاسی حالت بھی کافی ابتری کی شکار ہوتی چلی جارہی ہے لیکن دین اسلام کا آفاقی اور الوہی پیغام شرق وغرب کے اندھیروں کو روشن کرتا ہوا اور امریکہ ویورپ کی مادیت اور لادینیت میں مدہوش انسانوں اور کفر وضلال کے ہاتھوں سوئی ہوئی انسانیت کی قسمت کو نہ صرف جگا رہا ہے بلکہ یوں لگ رہا ہے کہ تاریخ ایک بار پھر اپنے آپ کو دوہرانا چاہتی ہے جب مسلمان عمل سے بے نیاز اور علم سے دور ہو گئے تھے' تو نتیجتاً تاتاریوں نے انہیں روند ڈالا تھا اور پھر انہی تاتاریوں کی نئی پود اور نئی نسل سے اسلام کی دوبارہ ترقی اور غلبہ کی جدوجہد کا آغاز ہوا۔یہاں پر بھی ایسا لگ رہا ہے کہ امریکہ اور مغرب جو مسلمانوں کے خلاف کئی صدیوں سے طبع آزمائی کر رہا ہے اور موجودہ بدقسمت عہد میں تو سارے عالم اسلام کے تمام نظامہائے حکومت' معاشرت' تہذیب وتمدن اور حکمران اس کے

© rasailojaraid.com